© rasailojaraid.com

افکارِ عصر

کامران رعد (لندن)

مسلم

مجھے سوزِ دروں نے کر دیا ساقی سے بیگانہ　　شرابِ آگہی نے بھر دیا باقی کا پیمانہ
مسلماں کیوں ہوئے دریُوزہ گر اقوامِ یورپ کے　　معیشت ہے فقیرانہ نہ صنعت ہے غریبانہ
گدائے بادۂ مغرب بنے حکّام مسلم کے　　جبِلّت ہے غلامانہ تو نَخْوَت ہے ملوکانہ
چھپا کر لے گیا لات و منات احرام میں حاجی　　طوافِ بیتِ جانانہ بنا طوفِ صنم خانہ

دنیا

میں کیوں مرجاؤں بس تیری سُبک پائی پہ اے دنیا　　نہ تیری چال مستانہ نہ میرا حال دیوانہ
تری خو بزم پیرائی مری ہُو رزم آرائی　　ترا ہر ساز ویرانہ مری آواز بُستانہ
وہی ہیں دعوتیں تیری وہی ہیں نفرتیں میری　　مری تکذیب روزانہ تری ترغیب دوگانہ
نہ بدلے تھے نہ بدلے ہیں نہ بدلیں گے یہ تا محشر　　ترے اندازِ میخانہ مرے اعزازِ رندانہ

کافر

مٹائے گا تُو کیا کافر جہادِ مردِ مومن کو　　جو دے دے مالِ شکرانہ تو دے دے آل نذرانہ
تجھے فکرِ گِراں مائی مجھے صبرِ پذیرائی　　تو ان داتا کا پروانہ مرا داتا سے یارانہ
تو بانگِ نفسِ امّارہ میں بے پرواہ و آوارہ　　ترے ایوان شاہانہ مرا چٹّان کاشانہ
عیاں ہے ’بُو غریبؑ‘ و قصّۂ ’ایوان رڈلیؔ‘ سے　　ترا فرضِ بہیمانہ مرا طرزِ حکیمانہ

....

جگائیں گے حمیّت رعدؔ پھر اقوامِ مسلم کی
مرے افکار دُردانہ مرے اشعار وجدانہ

© rasailojaraid.com